10 جون 2014ء

اسٹیٹ بینک نے کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کی حیثیت کی تجدید کر دی

بینک دولت پاکستان نے ملک میں قرضوں کی درجہ بندی کرنے والے دونوں اداروں 'جے سی آر وی آئی ایس کریڈٹ ایجنسی لمیٹڈ' اور 'دی پاکستان کریڈٹ ایجنسی لمیٹڈ (پاکرا)' کی 2014ء کے لیے بطور اہل/تسلیم شدہ ایکسٹرنل کریڈٹ اسیسمنٹ انسٹی ٹیوشنز (ECAIs) حیثیت کی تجدید کر دی ہے۔

بازل II کی معیاری اپروچ استعمال کرنے والے بینکوں/ڈی ایف آئیز کو شرح کفایت سرمایہ (CAR) معلوم کرنے کے لیے ان تسلیم شدہ ای سی آئی ایز کی دی ہوئی کریڈٹ ریٹنگ استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

☆☆☆